مطبوعات

خورشید رسالت کی پانچ کرنیں | از جناب آباد شاہ پوری ۔ ناشر: البدر پبلی کیشنز۔ ۲۳۔ راحت مارکیٹ اُردو بازار لاہور۔ قیمت: ۱۸/- روپے

قرونِ اُولیٰ کی تاریخِ اسلام جس کی جڑیں قرآن سے غذا لیتی ہیں اور جس کی شاخیں حدیث سے آب و نم حاصل کرتی ہیں، بجائے خود انتہائی دلکش ہے ۔ پھر اگر اس تاریخ کو لکھنے کے لیے کسی بالغ نظر ادیب کا قلم متحرک ہو جائے تو عجیب کیف و ولولہ حاصل ہوتا ہے ۔

آباد شاہ پوری صاحب نے یوں تو پانچ اصحابِ خاص (رضوان اللہ علیہم اجمعین) کے حالات بیان کیے ہیں، مگر ان کے تذکرے میں تاریخ از خود شامل ہے ۔ یہ وہ ہستیاں تھیں جو تاریخ بنانے والی صفِ اول میں شریک تھیں۔ یعنی حضرت خالد بن ولید، حضرت سعد بن ابی وقاص، حضرت مصعب بن عمیر، حضرت محمد بن مسلمہ اور حضرت سعید بن عامر۔

مؤلف بات کو اس طرح اُٹھاتے ہیں کہ قاری میں تعجب و تحسین کی وہی کیفیات پیدا ہو جاتی ہیں جو اعلیٰ ادبی کہانیوں کو پڑھتے وقت ہوتی ہیں ۔ مگر کہیں کوئی مصنوعی پن نہیں ہے، کہیں حقائق کو مسخ نہیں کیا گیا۔ اور کہیں خواہ مخواہ کی لفاظی نہیں ہے ۔ بخلاف اس کے پوری تحقیق سے ان واقعات کو بیان کیا گیا ہے جس سے ان پانچ بزرگوں کی شخصیتوں کی صحیح قدر و قیمت سامنے آتی ہے ۔

یہ کتاب بامقصد اُردو ادب کا بہترین حصّہ ہے ۔ نوجوانوں کو اسے خاص طور سے پڑھنا چاہیے ۔